Directorate Of Education, GNCT Of Delhi

Practice Question Paper

Session: 2024-25

Class : IX

Subject : Urdu A

Code : 003

Time : 3 Hrs. Max Marks : 80

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔(5X1=5)

" رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے ''میر آخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایماندار اور جفا کش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروادی۔ جب وہ بغاوت کو کچلنے کے لیے پنجاب میں بھٹنڈا پہنچی تو اس کے سپاہی طویل سفر اور گرمی سے پریشان ہو چکے تھے۔ اگرچہ دونوں فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا مگر رضیہ کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ وہ قید کر لی گئی۔ ادھر دلّی میں سازشیوں نے رضیہ کے بھائی بہرام کو تخت پر بٹھا دیا اور بڑے بڑے عہدے آپس میں بانٹ لیے۔ بہرام کمزور بادشاہ ثابت ہوا۔ التونیہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور اپنی وفاداری کا یقین دلایا پھر دونوں کی شادی ہو گئی۔"

(i) رضیہ سلطان نے کس چیز کو عام کیا؟

(a) دولت کو (b) بھائی چارے کو

(c) غیر برابری کو (d) نفرت کو

(ii) رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟

(a) التونیہ کو (b) بہرام کو

(c) یاقوت کو (d) رکن الدین کو

(iii) التونیہ کہاں کا گورنر تھا؟

(iv) رضیہ سلطان کی شادی کس سے ہوئی؟

(v) بغاوت کو کچلنے کے لیے رضیہ سلطان اپنی فوج کے ساتھ کہاں پہنچی؟

سوال نمبر۔2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5X1=5)

دیکھو بسنت لائی ہے گنگا پہ کیا بہار سرسوں کے پھول ہو گئے ہر سمت آشکار

ہے کتنی خوش گوار ہوا کوہ سار کی ہندوستان میں ہے یہی رت بہار کی

ہر کوئی کہہ رہا ہے کہ جاڑا نکل گیا موسم بدل گیا کہ زمانہ بدل گیا

آمد بہار کی ہے، رہیں کیوں اداس ہم پہنیں گے شاد ہو کر بسنتی لباس ہم

آؤ وطن کا حق محبت ادا کریں

ہم آنسوؤں سے پریم کا بوٹا ہرا کریں

(i) درج بالا اشعار میں کس موسم کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) جاڑا (b) گرمی

(c) بہار (d) برسات

(ii) کہاں کی ہوا خوش گوار ہے؟

(a) میدان کی (b) کوہ سار کی

(c) باغ کی (d) ریگستان کی

(iii) موسم بہار میں ہر سمت کون سے پھول نظر آتے ہیں؟

(iv) 'آمد بہار' پر شاعر کون سا لباس پہننے کی بات کر رہا ہے؟

(v) مصرعہ مکمل کیجیے : ہم آنسوؤں سے ۔۔۔۔۔۔ کا بوٹا ہرا کریں۔

سوال نمبر۔3 مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

شادی یا بربادی! کتنی بربادیاں اس نے اپنے چاروں طرف دیکھی تھیں۔ اماں کی زندگی۔ بھابھی کا انجام، اس کی پیاری سہیلی منورما کی خودکشی اس کی ٹیچر کی تنہا اداس زندگی دو چار نہیں بیسوں ناکام شادیوں کو اس نے دیکھا تھا۔ یہ شادی بربادی کیوں بن جاتی ہے؟ عورتیں تو مردوں کو الزام دیتی ہیں مگر کیا ان کا قصور کچھ نہیں ہوتا؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ شادی شدہ زندگی کو کامیاب اور مسرور بنانا عورت کا کام ہے۔ نباہنے کی ذمہ داری مرد سے زیادہ عورت پر آتی ہے۔ اگر وہ چاہے تو؟ کیا نباہ نہیں ہوسکتا؟ اس نے اگر شادی کی تو۔ نہیں نہیں۔ وہ لرز اٹھی۔ جانے کیا انجام ہو۔ وہ ابھی شادی نہیں کرے گی۔ ایم۔اے۔ کرنے کے بعد پھر سوچے گی۔

(i) عورتیں کس کو الزام دیتی ہیں؟

(a) مردوں کو (b) ماؤں کو (c) بہنوں کو (D) سہیلیوں کو

(ii) قصور ' کا مطلب کیا ہے؟

(a) کمی (b) غلطی (c) انجام (d) ناکامی

(iii) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(iv) اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(v) خودکشی کس نے کی؟

سوال نمبر 4۔ درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

ہم ہیں متاعِ کوچہ و بازار کی طرح
اٹھتی ہے ہر نگاہ خریدار کی طرح

وہ تو کہیں ہے اور ، مگر دل کے آس پاس
پھرتی ہے کوئی شے نگہ یار کی طرح

(i) لفظ 'کوچہ' کے کیا معنی ہیں؟

(a)۔ محلّہ (b)۔ گلی (c)۔ بازار (d)۔ سڑک

(ii) 'وہ تو کہیں ہے اور' کس کی طرف اشارہ ہے؟

(a) خریدار کی طرف (b)۔ محبوب کی طرف (c)۔ بازار کی طرف (d)۔ سڑک کی طرف

(iii) دل کے آس پاس کون سی شے پھرتی ہے؟

(iv) درج بالا شعری اقتباس شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(v) اس اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1x10=10)

(i) جہیز ایک لعنت

(ii) انفارمیشن ٹکنالوجی

(iii) عورتوں کی تعلیم

سوال نمبر 6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام کھیل کا سامان منگوانے کے لیے درخواست لکھیے۔ (1X4=4)

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر پاس ہونے کی مبارکباد دیجیے۔

سوال نمبر7 رشید احمد صدّیقی کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ (1X4=4)

یا

سبق 'مگر وہ ٹوٹ گئی' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ 'ولی محمّد ولی' کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (1X4=4)

یا

''رامائن کا ایک سین'' کا مرکزی خیال لکھیے

سوال نمبر9۔ فیض احمد فیض کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔ (1X3=3)

یا

نظم 'کیے جاؤ کوشش' کا مرکزی خیال اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ (i) اسم عام کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

(ii) مرزا اسداللہ خان غالب کے نام میں "غالب" کیا ہے؟ (1)

(a) خطاب (b)۔لقب (c)۔کنیت (d)۔تخلص

(iiii) فعل کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

سوال نمبر11۔ (i) ضمیر غائب کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (2)

(ii) صفت کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ (1)

(a) تین (b)۔دو (c)۔چار (d)۔ایک

(iiii) استعارہ کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (2)

سوال نمبر12۔ (i) درج ذیل محاوروں میں سے چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4)

ہچکی بندھنا۔ کانٹوں میں پیر رکھنا۔طبیعت سیر ہونا۔خوشی سے پھولا نہ سمانا۔آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا

(ii) وہ لفظ جو اسم کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟ (1)

سوال نمبر13۔ (i) ''میں گرمی کی چھٹی میں ممبئی جاؤں گا'' اس جملے میں کون سا فعل استعمال ہوا ہے؟ (1)

(ii) ''میرا دوست بہت خوش مزاج ہے'' اس جملے میں کون سی صفت بیان کی گئی ہے؟ (1)

سوال نمبر14۔ (i) درد منّت کش دوا نہ ہوا

میں نہ اچھا ہوا، برا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ (1)

(a)۔استعارہ (b)۔تلمیح (c)۔تضاد (d)۔کنایہ

(ii) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ (1)

(a)۔استعارہ (b)۔کنایہ (c)۔مبالغہ (d)۔تشبیہ

(iiii) بات کرنے والا اپنے لیے جو ضمیر استعمال کرتا ہے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔ (1)

(a)۔ضمیر متکلّم (b)۔ضمیر حاضر (c)۔ضمیر غائب (d)۔ضمیر

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر 15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) سرسیّد نے برس کی اخیر رات کا ذکر کس طرح کیا ہے؟

(ii) عبّاسی کی واپسی سے نصیر پر کیا اثر ہوا؟

(iii) وہ اپنے ساتھ سفر میں کیا کیا سامان لے جا رہے تھے؟ ڈراما 'خدا حافظ' کی روشنی میں جواب لکھیے۔

سوال نمبر 16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) کون سی چیز شاعر کے سینے کا غبار کھو رہی ہے؟

(ii) جلوہ گہہ ناز سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(iii) تعلیم کی قدر و قیمت کیا ہے؟

سوال نمبر 17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) گلشن کا کاروبار چلنے سے کیا مراد ہے؟

(ii) مجنوں نے لیلی کی ماں کو کیا جواب دیا؟

(iii) تہذیب کی یکجہتی کسے کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 18۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

(i) انشائیہ (ii) قطعہ (iii) نظم

☆☆☆